NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

عزیز اہلِ خانہ:

ہم آپ سے نومبر کے آغاز سے شروع، پیلی بس کی خدمات میں ممکنہ خلل کے بارے میں بتا نے ، اور یہ شیئر کرنے کے لیے رابطہ کررہے ہیں کہ ہم کس طرح آپکی معاونت کی تیاری کررہے ہیں۔ ہم آپکے بچے کی تعلیم کے لیے بااعتماد ذریعہ آمد ورفت کی اہمیت کو سجمھتے ہیں۔ اگر بس کی خدمات میں خلل آتا ہے، ہماری اولین ترجیح یہ یقینی بنانا ہے کہ ہر طالب علم بغیر کسی خلل کے اسکول میں شرکت جاری رکھ سکے۔

اگرچہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کو بس کمپنیوں کی جانب سے برطرفی کا باضابطہ نوٹس موصول نہیں ہوا ہے، ہم سجمھتے ہیں کہ 3 نومبر، 2025 سے ایسا ہونے کا امکان ہوسکتا ہے۔ ہم صورتِ حال کی قریب سے نگرانی کررہے ہیں، اور ہمارا ہدف ہمارے طلباء اور خاندانوں پر اسکے نمایاں اثر کو کم کرنا ہے۔ برائے مہربانی ذیل کی معلومات کا جائزہ لیں اور تازہ ترین صورتِ حال اور وسائل کے لیے ہماری ویب سائٹ (schools.nyc.gov/transportation) پر جائیں، ہم چاہتے ہیں کہ آپ صورتِ حال اور آپکو دستیاب وسائل سے باخبر رہیں۔

- **پیلی بس کی خدمات میں خلل اندازی کی صورت میں اطلاعات:** آپکا اسکول آپکو مطلع کرے گا اگر بس خدمات میں خلل اندازی **ہوتی** ہے اور آیا اسکا اثر آپکے بچے پر ہوگا۔ آپکے بچے کے اسکول کو فراہم کردہ رابطہ معلومات کو استعمال کرتے ہوئے اطلاعات بھیجی جائیں گی۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپکے اسکول کے پاس اور آپکے این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں آپکی جدید ترین معلومات ہیں ( schools.nyc.gov/NYCSA پر مزید جانیں).
- **نیو یارک شہر پبلک اسکولز آن لائن وسائل:** آمد ورفت خدمات سے متعلق خاندانوں کے لیے وسائل ہماری schools.nyc.gov/transportation پر دستیاب ہیں۔ یہاں آپ کو ہنگامی صورتحال میں OMNY کارڈز، طلباء اور اہل خانہ کے لیے آمد ورفت کے متبادلات، حاضری کا طریقۂ کار اور پیلی بس کی مکمل خدمات بحال ہونے تک دیگر معاونت کے بارے میں معلومات ملیں گی۔ برائے مہربانی اس صفحے پر اکثر جائیں کیونکہ ہم اسکی جدید معلومات کے ساتھ تجدید کریں گے۔
- **سوشل میڈیا پر تازہ ترین معلومات:** ہم اپنے سوشل میڈیا اکاونٹس کے ذریعے بھی جدید معلومات کا اشتراک کریں گے ( @NYCSchools Facebook, Twitter, اور Instagram )۔
- **اضافی معلومات:** آپ پیلی بس خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے 311 کو کسی بھی وقت کال کرسکتے ہیں۔
- **خلل اندازی ہونے کی صورت میں متبادل آمد ورفت خدمات:** نیو یارک شہر پبلک اسکولز ان خاندانوں کے لیے متبادل ذرائع آمد ورفت کا انتظام کرنے کے لیے سرگرمی سے کام کررہا ہے جو پیلی بس کی خدمات استعمال کرتے ہیں۔ تمام متاثرہ خاندانوں کے پاس طالب علم اور انکے نگہداشت فراہم کنندہ دونوں کے لیے بلا لاگت OMNY کارڈ کا انتخاب ہوگا۔ اسکے علاوہ، NYCPS پہلے سے ادا کردہ رائڈ شئیر فراہم کرے گا اور حسبِ ضرورت ان طلباء کو باز ادائیگی کرے گا جنکے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 سہولیات کے منصوبے میں آمد ورفت خدمات تجویز کی گئی ہیں؛ عارضی رہائش گاہوں میں یا فوسٹر کئیر میں رہنے والے طلباء جو پیلی بس کی خدمات موصول کرتے

ہیں، اور وہ طلباء جو ایک منظور شدہ آمد ورفت خدمات استثنا رکھتے ہیں۔
(schools.nyc.gov/transportationexceptions). ہم آنے والے دنوں میں اضافی معلومات فراہم کریں گے۔
کسی خلل کی صورت میں آپکے اسکول کا آمد ورفت خدمات رابطہ کار آپکے خاندان کی اسکول سے آنے جانے میں
آمد ورفت کی خدمات کے لیے ممکنہ بہترین انتظامات کرنے کے لیے آپکے ساتھ کام کرے گا۔

ہم جانتے ہیں کہ ہمارے بہت سے طلباء اور خاندان پیلی بس خدمات پر انحصار کرتے ہیں اور ایک خلل اندازی کا محض امکان ہی تشویش پیدا کرسکتا ہے، اسی وجہ سے اس صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے شفافیت اور معاونت نہایت اہم ہیں۔ NYCPS کوئی حل نکالنے کے لیے محنت سے کام کر رہا ہے، اور ہم امید کرتے ہیں کہ متبادل ذرائع آمد ورفت کے یہ منصوبے غیر ضروری ہونگے۔

ہم آپکی کی ہر ممکنہ طریقے سے معاونت کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔

بخلوص،

Melissa Aviles-Ramos

چانسلر